Information for Patients

# Bevacizumab Eye Injection

**Indications:**
Bevacizumab is used in certain age-related eye disorders such as macular degeneration (AMD) and Diabetic retinopathy.

**What is age- related macular degeneration (AMD)?**
AMD is a disease associated with aging that gradually destroys sharp, central vision. Central vision is needed for seeing objects clearly and for common daily tasks such as reading and driving.

**Symptoms of AMD:**
- Distorted/blurred vision
- Vision loss
- Problem while driving and reading

**How Bevacizumab works in AMD:**
It stops the abnormal growth of blood vessels at the back of the eye (retina) and as a result stops the disease's progression.

**Directions for use:**
- It is only administered by a trained eye specialist.
- It is administered directly inside the eye.
- Start antibiotic eye drops one day before the injection as prescribed by the physician.
- Start oral antibiotic prior to the injection, if prescribed by the physician.

**Tell your doctor if you:**
- Are allergic to Bevacizumab
- Take any other prescription or non-prescription medicine
- Have diabetes mellitus
- Are pregnant, planning to become pregnant or breast-feeding

**Common side effects:**
- Temporary redness of the eye
- Pain in eye, usually mild and goes away within a day or two
- Burning sensation, lasting for a day
- Watering of eye
- Foggy vision
- Allergic reactions in some patients
- Itching

**Consult your doctor immediately if:**
- Pain or redness of eye worsens
- Continuous discharge from the eye
- Appearance or feeling of any unusual sign or symptom.

**Precautions:**
- Do not rub your eyes.
- You can take bath but avoid swimming for three days after the injection.

**Storage:**
- Store in refrigerator and do not freeze
- Keep all medicines away from children and pets
- Do not use medication beyond the expiry date mentioned on the pack
- If unused, return the drug to the pharmacy for proper disposal
- Do not share your medicine with anyone

**For more information, please contact:**

**Drug and Poison Information Centre, Department of Pharmacy Services,**
**Aga Khan University Hospital, Karachi**
P.O. Box 3500, Stadium Road, Karachi-74800, Pakistan.
Tel: 021 3486 1504/1506; Email: drug.information@aku.edu; Website: hospitals.aku.edu/karachi/dpic

آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی
**The Aga Khan University Hospital,** Karachi

A Unit of The Aga Khan Hospital and Medical College Foundation; Licensed under Section 42 of the Companies Ordinance, 1984; Registered Office: Stadium Road, P. O. Box 3500, Karachi 74800, Pakistan

مریضوں کے لیے رہنما ہدایات

# بیواسیزومیب ۔ آنکھوں کا انجیکشن

بیواسیزومیب آنکھوں کے علاج کے لیے دیا جانے والا انجیکشن ہے جو عموماً معمر افراد کو پردہ چشم کی خرابی (ایج ریلیٹڈ میکیولر ڈی جینیریشن ۔ اے ایم ڈی) اور ذیابیطس کے باعث نظر کی خرابی (ڈایابیٹک ریٹینو پیتھی) جیسے امراض کے لیے دیا جاتا ہے۔

**معمر افراد کے پردہ چشم کی خرابی (ایج ریلیٹڈ میکیولر ڈی جینیریشن) سے کیا مراد ہے؟**

یہ آنکھوں کا ایک ایسا مسئلہ ہے جو معمر افراد کو لاحق ہوتا ہے اور آہستہ آہستہ تیز نظر اور نظر مرکوز کرنے کی صلاحیت پر اثر انداز ہوتا ہے ۔ آنکھ کا مرکزی حصہ اشیا کو واضح طور پر دیکھنے اور روزمرہ افعال (مثلاً مطالعہ اور ڈرائیونگ) انجام دینے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

**اے ایم ڈی کی علامات کیا ہیں؟**

- نظر کا خراب ہونا / دھندلانا
- اندھاپن
- روزمرہ افعال مثلاً مطالعہ اور ڈرائیونگ کرنے میں مشکل

**اے ایم ڈی کی صورت میں بیواسیزومیب کس طرح مددگار ثابت ہوسکتی ہے؟**

یہ آنکھ کے پچھلے حصے (قرنیہ) میں خون کی نالیوں کی غیر معمولی افزائش کو روک دیتی ہے جس کے نتیجے میں اس مرض میں اضافہ رک جاتا ہے۔

**استعمال کی ہدایات**

صرف آنکھوں کا تربیت یافتہ ڈاکٹر بیواسیزومیب لگا سکتا ہے۔

- اسے براہ راست آنکھوں کے اندر لگایا جاتا ہے۔
- یہ انجیکشن لگوانے سے ایک دن قبل ڈاکٹر کے تجویز کردہ اینٹی بایوٹک قطرے آنکھوں میں ڈالیں۔
- انجیکشن لگوانے سے ایک دن قبل اینٹی بایوٹک ادویات (اگر ڈاکٹر نے تجویز کی ہیں) کا استعمال بھی شروع کردینا چاہیے۔

**اگر مندرجہ ذیل میں سے کوئی صورت حال پیش آئے تو ڈاکٹر کو مطلع کریں:**

- اگر آپ کو بیواسیزومیب سے الرجی ہو۔
- اگر آپ کوئی تجویز کردہ یا غیر تجویز کردہ دوا استعمال کر رہے ہوں۔
- اگر آپ کو ذیابیطس میلائٹس ہو۔
- اگر آپ حاملہ ہوں، حاملہ ہونے کا ارادہ رکھتی ہوں یا بچے کو دودھ پلاتی ہوں۔

**عمومی ضمنی اثرات**

- آنکھ کی سرخی: جو عارضی ہوگی
- آنکھ میں درد: یہ عموماً معمولی ہوتا ہے اور ایک یا دو دن میں ختم ہوجاتا ہے
- جلن کا احساس: یہ ایک دن بعد ختم ہوجاتا ہے
- آنکھ سے پانی بہنا
- نظر کا دھندلانا
- الرجی: یہ مسئلہ چند مریضوں کے ساتھ ہوسکتا ہے
- آنکھ میں خارش

**ڈاکٹر سے فوراً رجوع کریں اگر:**

- آنکھ کے درد یا سرخی میں اضافہ ہوجائے
- آنکھ سے مائع کا مسلسل اخراج
- کوئی غیر معمولی علامت ظاہر ہو یا محسوس ہو

**احتیاطی تدابیر**

- آنکھوں کو رگڑنے سے گریز کریں۔
- آپ نہا سکتے ہیں تاہم انجیکشن لگوانے کے بعد تین دن تک تیراکی کرنے سے گریز کریں۔

**انجیکشن محفوظ کرنے کا طریقہ**

- فریج میں محفوظ کریں ۔ فریزر میں نہ رکھیں۔
- تمام ادویات بچوں اور پالتو جانوروں کی پہنچ سے دور رکھیں۔
- پیک پر دی گئی انتہائی تاریخ استعمال کے بعد دوا استعمال نہ کریں۔
- اگر استعمال نہ ہو تو انجیکشن فارمیسی کو واپس کردیں تاکہ اسے مناسب انداز میں تلف کیا جاسکے۔
- اپنی ادویات کسی اور کو استعمال کے لیے نہ دیں۔

**مزید معلومات کے لیے برائے مہربانی رابطہ کریں:**

ڈرگ اینڈ پوائزن انفارمیشن سینٹر، ڈیپارٹمنٹ آف فارمیسی سروسز
آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی
پی او بکس 3500 اسٹیڈیم روڈ، کراچی 74800 پاکستان

فون: 1504/1506 3486 21 92+ ای میل: drug.information@aku.edu ویب سائٹ: hospitals.aku.edu/Karachi/dpic

آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی
The Aga Khan University Hospital, Karachi

A Unit of The Aga Khan Hospital and Medical College Foundation; Licensed under Section 42 of the Companies Ordinance, 1984; Registered Office: Stadium Road, P. O. Box 3500, Karachi 74800, Pakistan